تحفہ دے کر واپس لینے کا حکم

مجیب: مفتی محمد ہاشم خان عطّاری مدنی

تاریخ اجراء: ماہنامہ فیضان مدینہ نومبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید کی چند سال پہلے ایک جگہ منگنی ہوئی تھی تو منگنی کے بعد وہ اس دوسرے خاندان والوں کو مختلف مواقع، مثلاً عید وغیرہ پر نقدی اور کپڑے وغیرہ اشیاء بطورِ تحائف دیتے رہے اب ان کی منگنی ٹوٹ چکی ہے، تو ان تحفے، تحائف کو واپس لینے کا کیا حکم ہے؟

(نوٹ: سائل نے بتایا کہ تحفے دینے لینے والے دونوں حیات ہیں اور تحائف پر انہوں نے قبضہ بھی کر لیا تھا اور ابھی بعض تحائف ان کے پاس موجود ہیں اور بعض ختم (ہلاک) ہو چکے ہیں، کچھ ملکیت سے نکل چکے ہیں اور بعض تحائف میں اضافہ بھی ہو چکا ہے۔ اور ان تحائف کا بدل بھی نہیں لیا۔)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

قوانینِ شرع کی رو سے منگنی کے بعد ایک خاندان والوں کی طرف سے دوسرے خاندان والوں کو دیئے جانے والے تحفے تحائف اور کپڑے وغیرہ ہبہ کے حکم میں ہیں اور ہبہ کا حکم یہ ہوتا ہے کہ اگر موانع ہبہ میں سے کوئی مانع نہ پایا جائے، تو قاضی کے فیصلے یا باہمی رضامندی سے واپس لینے کا اگرچہ اختیار ہوتا ہے یعنی واپسی درست ہو جائے گی، مگر واپس لینا مکروہِ تحریمی، ناجائز و گناہ ہے، کہ حدیثِ پاک میں ہبہ دے کر واپس لینے سے منع کیا گیا ہے اور اسے کتے کی طرح قے کر کے پھر اسے چاٹنے کی مثل قرار دیا گیا ہے۔ اور اگر کوئی مانع پایا جائے مثلاً، دونوں میں سے کوئی ایک فوت ہو جائے یا اس کا عوض لے لیا یا اس میں کچھ اضافہ ہو گیا یا اس کی ملکیت سے شے نکل گئی یا وہ شے ہلاک ہو گئی یا وہ دونوں میاں بیوی ہوں یا جسے تحفہ دیا وہ اس کا ذی رحم محرم رشتہ دار ہو تو ان چیزوں کو واپس نہیں لیا جا سکتا۔

اس تفصیل کے بعد پوچھی گئی صورت کا جواب یہ ہے کہ زید کی طرف سے منگنی کے بعد جو چیزیں دوسرے خاندان والوں کو تحفے میں دی گئی تھیں اور ان کی طرف سے ان پر قبضہ بھی کر لیا گیا تھا تو ان میں سے فقط ان چیزوں کو واپس لینے

کا اختیار ہے جو ابھی تک ان کی ملکیت میں موجود ہیں اور ان میں کوئی متصل اضافہ بھی نہیں ہوا ہے، مگر واپس لینا مکروہِ تحریمی، ناجائز و گناہ ہے، فلہٰذا اس سے بچنا ہی چاہیئے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net